**28/04/2025**

**09.25 AM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ  محمد اعظم سے خبریں سُنئے**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کیلئے ذمہ دار عناصر اور اِس کی سازش رچنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ آکاشوانی پر ’من کی بات‘ پروگرام میں قوم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے پہلگام واقعے پر غم و غصہ کا اظہار کیا۔**

**وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور جموں و کشمیر کے دشمنوں کو یہ راس نہیں آیا کہ کشمیر میں امن بحال ہورہا ہے، جمہوریت مضبوط ہورہی ہے اور سیاحوں کی تعداد میں ریکارڈ اضافہ ہورہا ہے۔**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہپہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن لڑائی ہونی چاہئے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کشمیر کے لوگ معصوموں کے قتل عام کے خلاف گھروں سے باہر آئے ہیں اور ضرورت اس بات کی ہے کہ اس حمایت کو بنیاد بنایا جائے اور ایسی کسی حرکت سے احتراز کیا جائے جس سے لوگوں میں غم و غصہ پیدا ہو ۔ انہوں نے کہا کہ قصورواروں کو سزا دی جانی چاہئے تاہم اس دوران معصوم لوگوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا جانا چاہئے ۔**

**اجلاس**

**پہلگام حملے پر تبادلہ خیال کرنے کی غرض سے آج جموں کشمیر اسمبلی کا خصوصی اجلاس طلب کیاگیا ہے، جس کی درخواست کابینہ نے کی تھی۔ اس حملے میں ایک مقامی نوجوا ن سمیت 26 سیاح جان بحق ہوئے تھے ۔**

اسمبلی کاخصوصی اجلاس لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے طلب کیاہے ،جس کے بارے میں اسمبلی کے سیکریٹری کی طرف سے ایک باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔

اجلاس کے دوران پہلگام حملے کے مہلوکین کو خراج عقیدت پیش کیاجائے گا جس کے بعد اس سے جڑے کچھ اہم امور پر بحث کی جائے گی اور ایک مذمتی قرار داد پاس کی جائے گی۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ادھمپور میں ایک سیکورٹی جائزہ میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں ادھمپور کٹھوعہ خطے میں حالیہ واقعات کے تناظر میں صورتحال کا جائزہ لیا گیا ۔

انہوں نے نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی از خود صورتحال کی نگرانی کر رہے ہیناور انہوں نے قوم کو یقین دلایا ہے کہ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینک دیا جائے گا ۔

ٹیکہ کاری

دنیا بھر میں آج کل ٹیکہ کاری سے متعلق ضروری سرگرمیاں جاری ہیں۔ ٹیکہ کاری کا عالمی ہفتہ چوبیس اپریل کو شروع ہوا جو 30اپریل تک جاری رہے گا ۔

ہفتہ ٹیکہ کاری کی اہمیت اور اس کے تحت جاری سرگرمیوں کی نسبت سے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگرکے ڈپارٹمنٹ کیمونٹی میڈسن کے سربراہ اور پروفیسر (ڈاکٹر ایس ایم سلیم خان ) نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

منشیات

ضلع انتظامیہ سرینگر نے منشیات سے پاک جموں کشمیر مہم کے تحت گورنمنٹ بائز ہائیر سیکنڈری سکول گُنڈ ہسی بٹ میں ایک جانکاری پروگرام منعقد کیا ۔ یہ پروگرام ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں منعقد ہوا جس دوران موجود لوگوں کو منشیات کے مضر اثرات کے بارے میں جانکاری فراہم کی گئی ۔ پروگرام میں سکولی بچوں ، مختلف محکموں کے ملازمین کے ساتھ ساتھ عام لوگوں نے شرکت کی ۔

**بڈگام**

**صارفین کے معاملات کو خوش اسلوبی سے حل کرنے کی غرض سے ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی بڈگام نے ایک خصوصی لوک عدالت کا انعقاد کیا ۔ اس موقعہ پر 65 معاملات میں سے 19 کو افہام و تفہیم کے ساتھ حل کیاگیا اور تصفیہ کے دوران ایک لاکھ 64 ہزار 512 روپے وصول کئے گئے ۔**

**شاہراہ**

**سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک آج صبح بحال کر دیا گیا ہے اور اس دوران گاڑیوں کو یکطرفہ طور جموں سے سرینگر چلنے کی اجازت ہو گی ۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت21 اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**